06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث: صحیح مسلم	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ بصرہ میں سب سے پہلے تقدیر کے سلسلے میں گفتگو کی:

(الف) معبد الجھی نے (ب) امام بخاری نے (ج) امام مسلم نے (د) امام ترمذی نے

2۔ اگر احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کیا جائے تو اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے گا جب تک ایمان نہ لایا جائے:

(الف) علم غیب پر (ب) تقدیر پر (ج) حاضر وناظر پر (د) نور وبشر پر

3۔ تقدیر میں ایمان لانا ہے:

(الف) مباح (ب) مستحب (ج) ضروری (د) ناجائز

4۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل سے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ کا بندوں پر حق ہے کہ:

(الف) وہ اس کی نافرمانی کریں (ب) وہ اس کی عبادت کریں (ج) وہ اس کا ذکر کریں (د) وہ اس کے ننانوے نام یاد کریں

5۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تین باتیں ایسی ہیں کہ جس میں پائی جائیں وہ ان کے ذریعے پالیتا ہے:

(الف) اونچا درجہ (ب) کامل مغفرت (ج) ایمان کی مٹھاس (د) جنت میں اعلیٰ مقام

6۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کا اس کے شر سے محفوظ نہ ہو:

(الف) خاندان (ب) رشتہ دار (ج) سسر (د) پڑوسی

7۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: خیر خواہی ہے:

(الف) حسن اخلاق (ب) دین (ج) دعا دینا (د) رشوت سے روکنا

8۔ حدیث مبارکہ کی رو سے جس نے کہا ہمیں بارش حاصل ہوئی اس نے کفر کیا:

(الف) فلاں ستارے کی وجہ سے (ب) فلاں شخص کی وجہ سے (ج) فلاں اچھائی کی وجہ سے (د) فلاں کام کی وجہ سے

9۔ قیامت کے دن سب سے زیادہ لوگ کس نبی کے پیچھے ہوں گے:

(الف) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت ابراہیمؑ (ج) حضرت موسیٰؑ (د) حضرت محمد ﷺ

10۔ جب نبی کریم ﷺ معراج پر گئے تو چوتھے آسمان پر ملاقات ہوئی:

(الف) حضرت موسیٰؑ (ب) حضرت یوسفؑ (ج) حضرت ادریسؑ (د) حضرت ہارونؑ

ورق الٹئے

11۔ صلوۃ الکسوف پڑھی جاتی ہے:

(الف) خوف کے وقت (ب) چاند گرہن کے وقت (ج) سورج گرہن کے وقت (د) خوشحالی کے وقت

12۔ قیامت کے دن جس کے پاؤں کے تلوؤں میں دو انگارے رکھے جائیں گے وہ ہوگا:

(الف) جہنم کے وسط میں رہنے والا (ب) جہنم کے سب سے نیچے درجے والا (ج) سب سے ہلکے عذاب والا (د) جہنم کے اعلیٰ درجے والا

13۔ روزے کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینا ہے:

(الف) مستحب (ب) مکروہ (ج) حرام (د) جائز

14۔ عیدین کے دنوں کا روزہ رکھنا ہے:

(الف) مکروہ (ب) جائز (ج) منع (د) مستحب

15۔ حج کا لغوی معنی ہے:

(الف) قصد کرنا (ب) زیارت کرنا (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

16۔ "لبیک اللھم لبیک" کو کہتے ہیں:

(الف) تعوذ (ب) تسمیہ (ج) تلبیہ (د) تہلیل

17۔ "یوم العرفۃ" کہتے ہیں:

(الف) آٹھ ذی الحجہ کو (ب) نو ذی الحجہ کو (ج) دس ذی الحجہ کو (د) گیارہ ذی الحجہ کو

18۔ حوض کوثر کی مسافت ہے:

(الف) ایک ماہ کی (ب) دو ماہ کی (ج) تین ماہ کی (د) چار ماہ کی

19۔ آپ ﷺ کی اطاعت ہے:

(الف) مستحب (ب) سنت (ج) مباح (د) واجب

20۔ حضرت خضر کی ملاقات کے سفر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھے:

(الف) یوشع بن نون (ب) حضرت ہارون (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث: صحیح مسلم	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

2۔ حدیث جبریل کے تحت جو شخص اچانک آقا ﷺ کے پاس آیا اس کا حلیہ کیسا تھا؟

3۔ حدیث جبریل کی رو سے ایمان کی تعریف تحریر کریں۔

4۔ اسلام کی بنیاد کتنی اور کون کون سی چیزوں پر ہے؟ تحریر کریں۔

5۔ "قال انھا کم عما ینبذ فی الدباء" ترجمہ لکھیں۔

6۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں پر کیا کیا حقوق ہیں؟ حدیث سے جواب دیں۔

7۔ " الایمان بضع وسبعون شعبۃ والحیاء شعبۃ من الایمان" ترجمہ لکھیں۔

8۔ شیطان کے دو سینگوں سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

9۔ خائن حکمران کی حدیث پاک میں کیا سزا ہے؟ تحریر کریں۔

10۔ "فلا تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین" ترجمہ لکھیں۔

11۔ جمعہ کی نماز کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث پاک عربی میں تحریر کریں۔

12۔ صلوۃ الاستسقاء کے بارے میں کوئی ایک حدیث پاک تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ صوم کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔

2۔ صوم وصال کسے کہتے ہیں؟ تحریر کریں۔

3۔ اہل شام، اہل نجد اور اہل یمن کا میقات کون سا ہے؟ تحریر کریں۔

4۔ حج کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

5۔ "احصار" کسے کہتے ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ " من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لایتمثل بی" ترجمہ لکھیں۔

7۔ " انی لاعرف حجرا بمکۃ کان یسلم علی قبل ان ابعث انی لاعرفہ الآن" ترجمہ لکھیں۔

8۔ آقا ﷺ کی بچوں پر شفقت کے حوالے سے کوئی ایک حدیث لکھیں۔

9۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی فضیلت پر کوئی دو مختصر احادیث لکھیں۔

10۔ " الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی" کی مختصر تفسیر لکھیں۔

11۔ "ھذا خصمان اختصموا فی ربھم" کی مختصراً تفسیر لکھیں۔

12۔ کلالہ کسے کہتے ہیں؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. تقدیر کا لغوی اور شرعی معنی تحریر کریں۔ نیز حدیث جبرائیل تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. "عن عبد اللہ یقول جاء رجل الی رسول اللہ من اہل نجد ثائر الراس نسمع دویّ صوتہ ولا نفقہ مایقول حتی دنا من رسول اللہ ﷺ فاذا ھو سیال عن السلام فقال رسول اللہ ﷺ خمس صلوت فی الیوم واللیلۃ فقال ھل علی غیرھن؟ قال لا الا ان تطوع وصیام شھر رمضان فقال ھل علی غیرہ؟ فقال لا الا ان تطوع وذکر لہ رسول اللہ الزکاۃ فقال ھل علی غیرھا؟ قال لا الا ان تطوع قال فادبر الرجل وھو یقول واللہ لا ازید علی ھذا ولا انقص منہ فقال رسول اللہ ﷺ افلح ان صدق "عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

iii. عن جابر قال بایعت رسول اللہ ﷺ علی اقام الصلوۃ وایتاء الزکاۃ والنصح لکل مسلم

الف۔ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کریں۔

ب۔ دین خیر خواہی کا نام ہے ایک مفصل نوٹ لکھیں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. معراج النبی ﷺ پر ایک جامع اور مدلل نوٹ لکھیں کہ جس میں منکرین معراج کا رد بلیغ ہو جائے۔

ii. "قال رسول اللہ ﷺ: لیس من البر ان تصوموا فی السفر" حالت سفر میں روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟ احادیث مبارکہ کی روشنی میں تفصیلاً لکھیں۔

iii. "عن ابن عباس ان رسول اللہ ﷺ وقت لاھل مدینۃ ذالحلیفۃ ولاھل الشام الجحفۃ ولاھل نجد قرن المنازل ولاھل الیمن یلملم وقال ھن لھم ولکل اٰت اتی علیھن من غیرھن فمن اراد الحج والعمرۃ ومن کان دون ذٰلک فمن حیث انشا حتی اھل مکۃ من مکۃ"

الف۔ حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

ب۔ میقات کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھ کر اس پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔